© rasailojaraid.com



رحمت کا مستحق ہوتا ہے، کیونکہ یہ شرف روزہ داروں کو ہی حاصل ہے کہ جب رمضان المبارک آتا ہے تو ان کے لئے رحمتِ خداوندی کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں، جیسا کہ اس صادق ومصدوق نے فرمایا:

إذا دخل رمضان فتحت أبواب الجنة وفی رواية أبواب الرحمة وغلقت أبواب جهنم وسلسلت الشياطين (صحیح بخاری:۱۸۹۹)

''جب رمضان شروع ہوتا ہے تو جنت کے دروازے اور دوسری روایت میں رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں اور شیاطین کو جکڑ دیا جاتا ہے''

پس مبارک ہے وہ جو روزہ کو سپر بنا کر شیاطین کے حملوں سے اپنے کو بچاتا ہے۔ مبارک ہے وہ جس پر رحمتِ خداوندی کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ مبارک ہے وہ جو اِن ایام میں خدا کے لئے اپنے کھانے پینے اور جماع کو چھوڑتا ہے اور اس شرف سے مشرف ہوتا ہے جس کا اعلان اشرف الانبیا نے اپنی زبانِ حق سے فرمایا:

كل عمل ابن اٰدم يضاعف الحسنة بعشر أمثالها إلى سبع مأة ضعف قال الله تعالىٰ: إلا الصوم فإنه لی وأنا أجزی به يدع شهوته و طعامه من أجلی

''ابن آدم کے ہر نیک کام کا بدلہ دس سے سات سو نیکیوں تک دیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مگر روزہ اس سے مستثنیٰ ہے، وہ میرے لئے ہے، میں اس کا بے حساب اجر دوں گا، کیونکہ روزہ دار میرے لئے اپنی شہوانی خواہشات اور کھانے پینے کو چھوڑتا ہے۔'' (مسلم: کتاب الصیام، ۲۷۰۱)

[ہفت روزہ 'توحید' امرتسر...... ۱۳ رفروری ۱۹۲۹ء جلد ۴ رشمارہ ۱۵، ۱۶، ۱۷]

طلبہ میں علمی رسوخ، تحقیق وتصنیف کی صلاحیت اور علمی ودعوتی میدان میں درپیش عصری تقاضوں کی تعلیم وتربیت کیلئے

**جامعة لاهور الاسلامية** کے **المعهد العالي للدعوة والإعلام** کے زیر اہتمام

یک سالہ **درجہ تخصّص** کیلئے داخلے جاری

جس میں نامور علماء 'دورِ جدید میں دین سے انحرافات' کے تدارک کیلئے محاضرات دیں گے، ان شاء اللہ

رمضان المبارک کے فوراً بعد سے ۲۸ ردسمبر ۲۰۰۱ء تک داخلے جاری ہیں

بنیادی صلاحیت: وفاق المدارس، درسِ نظامی سے فارغ التحصیل یا ایم اے اسلامیات رعربی

خصوصی نگرانی: مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی حفظہ اللہ — **ماهوار وظيفه** : 2000 روپے

فوری رابطہ: ناظم دفتر جامعہ لاہور الاسلامیہ: ۹۱ ربابر بلاک نیوگارڈن ٹاؤن، لاہور فون: 5837339

© rasailojaraid.com